# SIS پیرنٹ اکاؤنٹ
# رہنمائی برائے صارف

FCPS کا SIS پیرنٹ اکاؤنٹ، آپ کے بچے کی حاضری، کلاس کی کارکردگی، اعداد و شمار اور کورس کے مواد کے بارے میں معلومات تک رسائی حاصل کرنے کیلیئے ایک محفوظ حل ہے۔ ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کی ضرورت کے مطابق، آپ کا SIS پیرنٹ اکاؤنٹ FCPS 24-7 سے معلومات کیلیئے لنک کرتا ہے۔ SIS پیرنٹ آپ کے بچے کے اسکول سے اور تک رابطے کیلیئے ایک اور راستہ فراہم کرتا ہے۔ آپ کے SIS پیرنٹ اکاؤنٹ میں درج ذیل معلومات دستیاب ہیں۔

| سیکشن: | تفصیلات: |
|---|---|
| **کیلنڈر – اسکول کی اہم تاریخوں کی فہرست** | **ایلیمنٹری:** کیلنڈر اہم تعلیمی تاریخیں جیسے چھٹیاں، تعطیلات اورغیر طلباء کی حاضری کے دن دکھاتا ہے۔<br><br>**مڈل/ہائی اسکولز:** کیلنڈر اہم تعلیمی تاریخیں جیسے چھٹیاں، تعطیلات اور غیر طلباء کی حاضری کے دن دکھاتا ہے۔ استاد کیلنڈر میں والدین کے دیکھنے کیلیئے ذمیہ کام درج کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے کے استاد سے پوچھیئے کہ اگر وہ اسے استعمال کر رہے ہیں۔ |
| **حاضری – روزانہ یا پیریڈ کی حاضری کی تفصیلات** | **ایلیمنٹری:** اس صفحہ پر روزانہ حاضری کی معلومات ملیں گی۔ غیر حاضریوں اور دیر سے حاضری کے بارے میں مزید معلومات تاریخ پر کلک کرنے سے مل سکتی ہیں، براہِ مہربانی، نوٹ کیجیئے کچھ صورتوں میں دیر ہو سکتی ہے کیونکہ یہ معلومات اسکول کی طرف سے درج کی جاتی ہیں۔<br><br>**مڈل/ہائی اسکولز:** اس صفحہ پر پیریڈ کی حاضری ملے گی۔ غیر حاضریوں اور دیر سے حاضری کے بارے میں مزید معلومات تاریخ پر کلک کرنے سے مل سکتی ہیں، براہِ مہربانی، نوٹ کیجیئے کچھ صورتوں میں دیر ہو سکتی ہے کیونکہ یہ معلومات اسکول کی طرف سے درج کی جاتی ہیں۔<br>*نوٹ: مخصوص غیر حاضریوں سے متعلق کسی قسم کے سوالات کیلیئے اسکول سے رابطہ کیجیئے۔* |
| **جماعت کا شیڈول – سہ ماہی کے لحاظ کمرۂ جماعت یا جماعتوں کی فہرست** | **ایلیمنٹری:** جماعت کا شیڈول کمرۂ جماعت کے استاد کو اور استاد کو ای-میل کرنے کے لنک کو ظاہر کرے گا۔ کچھ اسکول طلباء کے مزید اساتذہ کو دکھائیں گے۔<br><br>**ہائی اسکول/مڈل اسکول:** طالبعلم کے موجودہ سہ ماہی کا جماعت کا شیڈول بشمول اساتذہ کے ای-میل لنکس کے، دیکھا جا سکتا ہے۔ |
| **کورس ہسٹری – طالبعلم کی طرف سے لی گئی کریڈٹ جماعتیں۔** | **ایلیمینٹری:** ایلیمینٹری طلباء کیلیئے کورس ہسٹری ابھی دستیاب نہیں ہے۔<br><br>**ہائی اسکول/مڈل اسکول:** کورس ہسٹری، کورس سے متعقلہ کسی بھی تصدیق شدہ کریڈٹ کی فہرست کے ساتھ ساتھ تمام ہائی اسکول کریڈٹ کورس دکھاتا ہے۔<br>***نوٹ:** کورس ہسٹری ایک سرکاری دستاویز نہیں ہے۔* |
| **کورس ہسٹری – مڈل اور ہائی اگلے تعمیلی سال کیلیئے درخواست کرتے ہیں** | **ایلیمینٹری:** ایلیمینٹری طلباء کیلیئے کورس کی درخواست دستیاب نہیں ہے۔<br><br>**ہائی اسکول/مڈل اسکول:** کورس کی درخواست، اگلے سال کیلیئے طالبعلم کی درخواست دکھاتی ہے، یہ کسی تعیناتی کی ضمانت نہیں ہے اور صرف نئے تعلیمی سال کے شروع ہونے کے بعد دستیاب ہے۔ |
| **نظم و ضبط – بہت مختصر معلومات جیسے تاریخ، جرم اور تصفیہ۔** | نظم و ضبط، کسی انضباطی واقعے میں ملوث طالبعلم کے بارے میں محدود معلومات مہیا کرتا ہے۔ تمام خفیہ تفصیلات، وضاحت، متاثرین اور دیگر معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ والدین تاریخ، واقعے کی قسم اور تصفیہ دیکھتے ہیں۔ (مثال: سیل فون کا نامناسب استعمال – والدین کو مطلع کیا گیا) |

براہِ مہربانی، مدد کیلیئے اپنے بچے کے اسکول سے باقاعدہ اسکول اوقات کے دوران رابطہ کیجیئے۔

# SIS پیرنٹ اکاؤنٹ
# رہنمائی برائے صارف

| | |
|---|---|
| **گریڈ بک – مڈل اور ہائی اسکولز کے اساتذہ کے گریڈ بک دکھاتے ہیں** | **ایلیمینٹری:** ایلیمینٹری طلباء کیلیئے گریڈ بک دستیاب نہیں ہے۔<br><br>**ہائی اسکول/مڈل اسکول:** گریڈ بک، استاد کی گریڈ بک میں شامل کیئے گئے ذمیہ کام اور حاصل کیئے گئے اسکور دکھاتا ہے۔ مخصوص ذمیہ کام کے بارے میں مزید معلومات رابطے کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ |
| **صحت – ایمرجنسی الرٹ معلومات** | صحت، خفیہ حالات کو ظاہر نہیں کرتا۔ صحت سے مراد، ہیلتھ نرس کے ذریعے درج کیئے گئے طبی الرٹس اور اعمال ہیں۔ (مثال: مونگ پھلی سے الرجی – ایپی پن رکھنا)۔ امیونائزیشن لنک پر کلک کرنے سے طالبعلم کے حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ ظاہر ہو گا۔ |
| **رپورٹ کارڈ – طالبعلم کے سہ ماہی اور حتمی گریڈز (نمبر)** | رپورٹ کارڈ موجودہ تعلیمی سال میں، طالبعلم کے ہر سہ ماہی کے نمبر مہیا کرتا ہے۔ ایلیمنٹری اسکولز کے طلباء معیاری بنیادی نمبر دیکھیں گے اور مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء الفاظی گریڈز دیکھیں گے۔ |
| **اسکول کی معلومات – اسکول انتظامیہ، تدریسی عملہ اور عملہ کے بارے میں معلومات ڈھونڈنے کا آسان طریقہ۔** | اسکول کی معلومات اسکول کا پتہ اور فون نمبر کے ساتھ ساتھ تمام عملہ کے اراکین کی فہرست اور ان کے ای-میل پتے ظاہر کرتا ہے۔ |
| **طالبعلم کی معلومات – طالبعلم کے بارے میں مختلف قسم کا شماریاتی مواد دکھاتا ہے۔** | طالبعلم کی معلومات، اسٹوڈنٹ انفارمیشن سسٹم میں فائل پر موجود شماریاتی مواد مہیا کرتا ہے۔ مواد کی آن لائن FCPS 24-7 (weCare@School) پر جا کر یا اسکول سے رابطہ کر کے تجدید کی جا سکتی ہے۔ تمام مواد کی درستگی کیلیئے اس کا جائزہ لیا جانا چاہیئے، جسے ایمرجنسی رابطے اور ڈاکٹر کی معلومات۔ |
| **FCPS لنکس – متعلقہ ویب سائٹس سے لنکس۔** | FCPS لنکس دیگر FCPS ذرائع سے لنکس مہیا کرتا ہے، جیسے FCPS کا بنیادی صفحہ، FCPS 24-7، اسکول سائٹس وغیرہ۔ |
| **My Account – آپ کا پاس ورڈ یہاں تبدیل ہو سکتا ہے۔** | My Account کا ٹیب آپ کے اکاؤنٹ کی معلومات بشمول آپ کے یوزر نیم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہاں، آپ اپنے بنیادی ای میل پتہ کی تجدید کر سکتے ہیں۔<br>**نوٹ:** آپ کے گھر کا پتہ اور فون نمبرز کی یہاں تجدید نہیں ہو سکتی۔ بنیادی ای میل پتہ صرف ایسا حصہ سے جس کی تجدید ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کا پتہ تبدیل ہوا ہے تو براہِ مہربانی اسکول سے رابطہ کیجیئے۔ |

| **سوال:** | **جواب:** |
|---|---|
| **FCPS کیوں SIS پیرنٹ کو کیوں لاگو کر رہا ہے؟** | FCPS ہمارے نئے اسٹوڈنٹ انفارمیشن سسٹم (SIS) کی قابلیتوں کو بڑھا رہا ہے۔ یہ والدین کو اس قابل کرتا ہے کہ ہمارے ریکارڈ کے سسٹم میں ظاہر ہونے والے تازہ ترین مواد کو دیکھ سکیں۔ |
| **کیا میری معلومات محفوظ ہیں؟** | FCPS معلومات کو محفوظ رکھنے اور اس کے کنٹرول کے تحت تمام معلومات کی حفاظت کیلیئے جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کرتا ہے. آپ کو ایک محفوظ پاس ورڈ چننے کی تجویز دی جاتی ہے۔ اپنے پاس ورڈ اور لاگ ان معلومات کو محفوظ رکھنا یاد رکھیں۔ آپ اپنا پاس ورڈ کسی وقت بھی تبدیل کر سکتے ہیں؟ |

براہِ مہربانی، مدد کیلیئے اپنے بچے کے اسکول سے باقاعدہ اسکول اوقات کے دوران رابطہ کیجیئے۔

FAIRFAX COUNTY PUBLIC SCHOOLS
SIS STUDENT INFORMATION SYSTEM

# SIS پیرنٹ اکاؤنٹ
# رہنمائی برائے صارف

| | |
|---|---|
| **کیا یہ FCPS 24-7 پیرنٹ اکاؤنٹ جیسا ہے؟** | FCPS 24-7 پیرنٹ اکاؤنٹ آپ کو ذمیہ کام دیکھنے اور مخصوص کورسز سے متعلقہ دیگر معلومات دیکھنے کے قابل بناتا ہے۔ آپ FCPS 24-7 لنک پر کلک کیجیئے، اپنی اطلاعات داخل کیجیئے اورآپ اپنے بچے کی تمام کورس معلومات دیکھ سکتے ہیں۔ |
| **اگر میرے ایک سے زائد بچے ہیں، کیا مجھے ایک سے زیادہ اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت ہے؟** | آپ کو صرف ایک اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت ہے۔ اس اکاؤنٹ میں آپ کے تمام بچے شامل ہوں گے۔ |
| **میں اپنا اکاؤنٹ کیسے بناؤں؟** | آپ اپنا اکاؤنٹ بنانے کیلیئے، فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کی طرف سے تفصیلی ہدایات کا ایک خط وصول کریں گے۔ آپ کو ایک منفرد رجسٹریشن کوڈ دیا جائے گا جسے آپ کو رجسٹر کے وقت استعمال کرنا چاہیئے۔ |
| **میرے ایک سے زیادہ بچے ہیں مگر میں ان تمام کی معلومات نہیں دیکھتا۔ مجھے کیا کرنا چاہیئے؟** | براہِ مہربانی، باقاعدہ اسکول کے اوقات میں اسکول سے رابطہ کیجیئے۔ |
| **میں گریڈ بک میں معلومات کیوں نہیں دیکھ سکتا؟** | براہِ مہربانی، باقاعدہ اسکول کے اوقات میں اسکول سے رابطہ کیجیئے، ہر استاد گریڈ بک میں اپنی چیزیں درج کرنے کا ذمہ دار ہے۔<br>**نوٹ:** ایلیمینٹری طلباء کیلیئے گریڈ بک معلومات دستیاب نہیں ہے۔ |
| **میرے بچے کی کچھ معلومات غلط ہیں؟ مجھے کیا کرنا چاہیئے؟** | براہِ مہربانی، کسی بھی غلط معلومات کیلیئے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کیجیئے۔ |
| **میرے SIS اکاؤنٹ تک رسائی کیلیئے کون سا ویب ایڈریس ہے؟** | https://sisparent.fcps.edu |
| **میری ڈاک کھو گئی ہے؟ مجھے کیا کرنا چاہیئے؟** | اپنے بچے کے اسکول سے باقاعدہ اسکول کے اوقات میں رابطہ کیجیئے۔ |
| **میں اپنا پاس ورڈ بھول گیا ہوں؟ میں اسے دوبارہ کیسے حاصل کروں؟** | SIS پیرنٹ اکاؤنٹ لاگ ان صفحہ پر ایک لنک ہے جس کے ذریعے صارف پاس ورڈ تبدیل کر سکتا ہے۔ اس عمل کو استعمال کرنے کیلیئے SIS سسٹم میں آپ کا ایک ای میل اکاؤنٹ ہونا چاہیئے۔ |